# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON CABINET SECRETARIAT ON THE SERVICE TRIBUNALS (AMENDMENT) BILL, 2025

I, Chairman of the Standing Committee on Cabinet Secretariat, have the honour to present this report on the Bill further to amend the Service Tribunals Act, 1973 (LXX of 1973) [The Service Tribunals (Amendment) Bill, 2025] (Private Member's Bill), referred to the Committee on 12th August, 2025.

2. The Committee comprises the following: -

| | | |
|---|---|---|
| **1)** | **Mr. Ibrar Ahmed** | **Chairman** |
| 2) | Mr. Ehsan-ul-Haq Bajwa | Member |
| 3) | Ms. Tahira Aurangzeb | Member |
| 4) | Ms. Nuzhat Sadiq | Member |
| 5) | Mr. Nelson Azeem | Member |
| 6) | Ms. Farah Naz Akbar | Member |
| 7) | Pir Ameer Ali Shah Jeelani | Member |
| 8) | Makhdoom Jamil-uz-Zaman | Member |
| 9) | Mr. Irfan Ali Leghari | Member |
| 10) | Syed Rafiullah | Member |
| 11) | Nawabzada Mir Jamal Khan Raisani | Member |
| 12) | Ms. Rana Ansar | Member |
| 13) | Mr. Mohammad Awn Saqlain | Member |
| 14) | Mr. Muhammad Aslam Ghumman | Member |
| 15) | Mr. Ali Asghar Khan | Member |
| 16) | Mr. Khurram Munawar Manj | Member |
| 17) | Syed Raza Ali Gillani | Member |
| 18) | Ms. Shandana Gulzar Khan | Member |
| 19) | Sayed Sami Ullah | Member |
| 20) | Ms. Shahida Begum | Member |
| 21) | Minister in-charge of the Cabinet Secretariat | Ex-officio Member |

3. The Committee considered the Bill, as introduced in the National Assembly, placed at **Annex-A**, in its meeting held on 24th September 2025 and recommended that the Bill may not be passed by the National Assembly.

**Sd/-**
**(TAHIR HUSSAIN)**
Secretary General
Islamabad, 2nd October, 2025

**Sd/-**
**(IBRAR AHMED)**
Chairman

Annex-A

## [AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]

**A**

**Bill**

*further to amend the Service Tribunals Act, 1973*

**WHEREAS** it is expedient further to amend the Service Tribunals Act, 1973 (LXX of 1973), for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.-** (1) This Bill may be called the Service Tribunals (Amendment) Bill, 2025.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 4, Act No. LXX of 1973.-** . In the Service Tribunals Act, 1973 (LXX of 1973), in section 4, in sub-section (1), in clause (a), for the word "ninety", the word "thirty five" shall be substituted.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Some of the provisions of the Federal Service Tribunals Act, 1973 are against the natural justice and creating difficulties for civil servants as the condition of ninety days for appeal causes delay in filing an appeal for speedy justice. Honourable Supreme Court of Pakistan in its judgment 2015 SCMR 456 (Mr. Azhar All Baloch vs Government of Sindh) has taken notice of this delay due to lengthy procedure.

Sd/-
**MR. SOHAIL SULTAN**
Member, National Assembly

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## سروس ٹریبونلز (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء پر قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ کی رپورٹ۔

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ ۱۲ اگست ۲۰۲۵ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ سروس ٹریبونلز ایکٹ، ۱۹۷۳ء (نمبر ۷۰ بابت ۱۹۷۳ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [سروس ٹریبونلز (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] (نجی رکن کا بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | جناب ابرار احمد | چیئرمین |
| ۲۔ | جناب احسان الحق باجوہ | رکن |
| ۳۔ | محترمہ طاہرہ اورنگزیب | رکن |
| ۴۔ | محترمہ نزہت صادق | رکن |
| ۵۔ | جناب نیلسن عظیم | رکن |
| ۶۔ | محترمہ فرح ناز اکبر | رکن |
| ۷۔ | پیر امیر علی شاہ جیلانی | رکن |
| ۸۔ | مخدوم جمیل الزمان | رکن |
| ۹۔ | جناب عرفان علی لغاری | رکن |
| ۱۰۔ | سید رفیع اللہ | رکن |
| ۱۱۔ | نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی | رکن |
| ۱۲۔ | محترمہ رعنا انصار | رکن |
| ۱۳۔ | جناب محمد عون ثقلین | رکن |
| ۱۴۔ | جناب محمد اسلم گھمن | رکن |
| ۱۵۔ | جناب علی اصغر خان | رکن |
| ۱۶۔ | جناب خرم منور منج | رکن |
| ۱۷۔ | سید رضا علی گیلانی | رکن |
| ۱۸۔ | محترمہ شاندانہ گلزار خان | رکن |
| ۱۹۔ | سید سمیع اللہ | رکن |
| ۲۰۔ | محترمہ شاہدہ بیگم | رکن |
| ۲۱۔ | وزیر انچارج برائے کابینہ سیکرٹریٹ | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۲۴ ستمبر، ۲۰۲۵ء کو منعقدہ اپنے اجلاس میں منسلکہ۔الف کے طور پر موجود قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا اور سفارش کی کہ قومی اسمبلی یہ بل منظور نہ کرے۔

دستخط/۔
(طاہر حسین)
سیکرٹری جنرل

دستخط/۔
(ابرار احمد)
چیئرمین

اسلام آباد، ۲ اکتوبر، ۲۰۲۵ء

منسلکہ۔الف

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

## سروس ٹریبونلز ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا

## بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ سروس ٹریبونلز ایکٹ، ۱۹۷۳ء (نمبر ۷۰ بابت ۱۹۷۳ء) میں بعدازاں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:

1۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ۔** (۱) بل ہذا کو سروس ٹریبونلز (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء کے نام سے موسوم کیا جائے گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۷۰ بابت ۱۹۷۳ء، دفعہ ۴ کی ترمیم۔** سروس ٹریبونلز ایکٹ، ۱۹۷۳ء (نمبر ۷۰ بابت ۱۹۷۳ء) میں، دفعہ ۴ میں، ذیلی دفعہ (۱) میں، شق (الف) میں، لفظ "نوے" کو لفظ "پینتیس" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

## بیان اغراض و وجوہ

وفاقی سروس ٹریبونلز ایکٹ، ۱۹۷۳ء کی بعض تصریحات اخلاقی طور پر انصاف کے خلاف ہیں اور سول ملازمین کے لیے مشکلات پیدا کر رہی ہیں، کیونکہ اپیل دائر کرنے کے لیے نوے دن کی شرط انصاف کی فوری فراہمی میں تاخیر کا باعث بنتی ہے۔ معزز سپریم کورٹ آف پاکستان نے اپنے فیصلے ۲۰۱۵ ایس سی ایم آر ۴۵۶ (جناب اظہر علی بلوچ بنام حکومت سندھ) میں طویل طریق کار کی وجہ سے اس تاخیر کا نوٹس لیا ہے۔

دستخط/-
جناب سہیل سلطان
رکن، قومی اسمبلی